لائبریری میں موسم گرما

دریافت کے سفر میں ہمارے ساتھ شامل ہوں!

English، español، 中文، বাংলা، Русский اور العَرَبِية میں مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں: **nypl.org/summer**

شیرخوار اور نونہال بچے

لائبریری پورے سال چھوٹے بچوں کی پڑھنے، سیکھنے اور مستی کرنے میں مدد کے لیے مفت پروگرامز، کتابیں اور وسائل فراہم کرتی ہے۔ اس موسم گرما میں اپنی مقامی شاخ میں تشریف لائیں!



- اپنا پہلا لائبریری کارڈ حاصل کریں۔
- اسٹوری ٹائمز اور اس کے علاوہ بہت ساری مفت تقریبات کے لیے ہمارے ساتھ شامل ہوں۔
- دوست بنائیں اور سرگرمیوں، دست کاریوں، اور اس کے علاوہ دیگر چیزوں کا لطف اٹھائیں!

بچے

اس موسم گرما میں، ہم آپ کو اپنا شہر اور ہر وہ چیز دریافت کرنے کے لیے مدعو کرتے ہیں جو ہمارے محلوں اور مختلف روایات کو زبردست اور پرلطف بناتی ہے۔

- روزانہ 20 منٹ تک پڑھیں اور اپنی سرگرمی اور ریڈنگ ٹریکر میں اپنی پیشرفت ریکارڈ کریں، جو سپلائی ختم ہونے تک برانچوں میں دستیاب ہے!
- برانچوں میں، آن لائن اور بیرون خانہ ہمارے مفت موسم گرما کے ایڈونچر پروگراموں میں سیکھیں۔
- مصنفین کی گفتگو، بیرون خانہ تقریبات، اور بہت کچھ میں لطف اٹھائیں — علاوہ ازیں، انعام جیتنے کے موقع کے لیے ہمارے سالانہ موسم گرما کے تحریری مقابلے میں شامل ہوں!



نوخیز جوان بچے

تخلیقی بنیں اور اس موسم گرما میں اپنی آواز شیئر کریں!

- پورے موسم گرما میں کرنے کے لیے مفت سرگرمیوں کی معلومات حاصل کریں، بشمول برونکس، مین ہٹن اور اسٹیٹن آئی لینڈ میں اینٹی-پروم تقریبات، اور ہمارا سالانہ Teen Voices Festival جو YA مصنفین، ٹین شو کیسز، اور مزید پر مشتمل ہے۔
- NYPL کے *Teen Voices* میگزین میں جگہ پانے کے ایک موقع کے لیے ہمارے میگزین مقابلے میں حصّہ لیں۔
- شہر بھر کی تمام برانچوں پر دلچسپ، مفت پروگرام دریافت کریں! اس کے علاوہ، ہمارے ٹین سینٹرز اور منتخب مقامات پر ریکارڈنگ اسٹوڈیوز میں وقت گزاریں۔

تقریبات کا ایک کیلنڈر حاصل کرنے کے لیے اپنی مقامی برانچ کا چکر لگائیں یا ہمیں آن لائن دیکھیں!
nypl.org/summer

New York Public **Library**

مفت لائبریری کارڈ حاصل کریں

آپ کی عمر کبھی بھی اتنی کم نہیں ہوتی ہے کہ آپ لائبریری کارڈ نہ حاصل کر سکیں اور ان تمام چیزوں کو دریافت نہ کر سکیں جو لائبریری پیش کرتی ہے! مزید جانیں: **nypl.org/librarycard**

فزیکل لائبریری کارڈ حاصل کرنے کی خاطر، سائن اپ کے لیے بس اپنی مقامی شاخ پر جائیں۔ 12 سال اور اس سے کم عمر بچوں کے لیے والدین یا سرپرست کی اجازت لازمی ہو گی۔

ڈیجیٹل لائبریری کارڈ حاصل کرنے اور ای-بکس اور آڈیو بکس فوراً مستعار لینا شروع کرنے کے لیے لائبریری کی مفت e-reader ایپ، SimplyE، ڈاؤن لوڈ کر لیں۔ 12 سال اوراس سے کم عمر بچوں کو والدین یا سرپرست کی ضرورت ہو گی جو ان کی طرف سے درخواست دے سکیں۔ شروع کریں: **nypl.org/simplye**



تاخیر کا مزید جرمانہ نہیں!

کیا آپ کو معلوم تھا؟ لائبریری میں اب تاخیر کا کوئی جرمانہ نہیں ہے، اس لیے آپ کسی بھی شاخ سے بغیر کسی فکر کے کتابیں وغیرہ مستعار لے سکتے ہیں۔

STEAM ڈسکوری کٹس

NYPL کی حیرت انگیز STEAM Discovery Kits کی مدد سے تعمیر کریں، کوڈ کریں، اور ستارہ بینی کریں جو کہ برونکس، مین ہین اور اسٹیٹن آئی لینڈ میں پھیلی 40 شاخوں سے مستعار لینے کے لیے دستیاب ہیں۔ روبوٹکس، فلکیات، انجینئرنگ، کوڈنگ اور مزید دریافت کریں: **nypl.org/steam**

ہمارےساتھ مربوط ہوں

ہفتہ میں دو بار شائع ہونے والا ہمارا NYPL Kids ای-نیوز لیٹر بچوں کے لیے مفت سرگرمیاں اور دیگر چیزوں کی پیش کش کرتا ہے — براہ راست آپ کے ان باکس میں۔ لائبریری میں نیا کیا ہے، پورا سال یہ معلوم کرنے کے لیے سائن اپ کریں: **nypl.org/nyplkids**



nypl.org/summer
#summerreading

New York
Public
Library